BRAMPTON Flower City
brampton.ca

media release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن نے پارکنگ کے قوانین پر عمل درآمد میں مزید تیزی لانے کے لیے نئی ٹیکنالوجی متعارف کروا دی ہے

برامپٹن، آن (18 دسمبر 2019) – جلد آ رہی ہے، آپ کی سڑکوں پربھی! ایک آٹومیٹک لائسنس پلیٹ ریڈر (ALPR) سے لیس سٹی آف برامپٹن کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ایک گاڑی جنوری 2020 کے وسط سے سٹی میں گشت کرنا شروع کر دے گی۔ یہ نئی ٹیکنالوجی پارکنگ کی جگہ کی دستیابی کو بہتر بنائے گی، برامپٹن کی سڑکوں سے برف صاف کرنے والی مشینری اور ہنگامی خدمات کی گاڑیوں کے گزرنے کو ممکن بنائے اور طویل مدتی طور پر بھیڑ کو کم کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کرے گی۔ یہ پارکنگ کے قوانین پر عمل درآمد کو بھی مزید تیز اور مؤثر بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

نئی ALPR گاڑی میں موجود کیمرے چلتی ہوئی گاڑی کی پارکنگ کی عام خلاف ورزیوں کی شناخت میں مدد دیں گے اور خلاف ورزی کا تعین ہو جانے پر پینلٹی نوٹس بنانے کے لیے متعلقہ افسر کو مطلع کریں گے۔ یہ گاڑی ان سڑکوں پر گشت کرے گی، جہاں سے سٹی کو زیادہ وقت کے لیے گاڑیاں پارک کیے جانے کی شکایات کثرت سے موصول ہوتی ہیں۔

اس گاڑی سے حاصل ہونے والے تجربے اور اس ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے شکایات کے مؤثر اور فوری طور پر جواب دینے کی صلاحیت کی بنیاد پر مستقبل میں اضافی ALPR گاڑیاں استعمال کی جا سکتی ہیں۔

**یہ نئی ٹیکنالوجی کیسے کام کرتی ہے؟**

اس سسٹم میں گاڑی کے ساتھ جڑے کیمرے اور گاڑی کے اندر ایک ڈسپلے اسکرین شامل ہے، جو پارکنگ کے قوانین کے نفاذ کے نیٹ ورک سے مربوط ہوتا ہے۔ یہ گاڑی شہر کی سڑکوں پر گشت کرے گی اور سڑک پر کھڑی ہوئی گاڑیوں کی لائسنس پلیٹ اور جگہ کو ریکارڈ کرے گی۔ یہ سسٹم قانون نافذ کرنے والے افسران کو ان گاڑیوں کے متعلق آگاہ کرے گا، جو پارکنگ کی اجازت کے بغیر تین گھنٹوں سے زیادہ کھڑی ہوں گی۔ یہ رات 2 سے صبح 6 بجے تک کے ممنوعہ اوقات کے دوران پارک ہونے والی گاڑیوں کے متعلق بھی آگاہ کرے گا، جس کے لیے افسر کو رک کر گاڑی کی لائسنس پلیٹ درج نہیں کرنی پڑے گی۔

**اس کی ضرورت کیوں پیش آئی ہے؟**

ہر سال سٹی کو غیر قانونی طور پر تین گھنٹوں سے زیادہ وقت کے لیے کھڑی رہنے والی گاڑیوں کے متعلق 10,000 سے زائد عوامی شکایات اور رات 2 سے صبح 6 بجے کے ممنوعہ اوقات کے دوران پارک ہونے والی گاڑیوں کے متعلق مزید 10,000 شکایات موصول ہوتی ہیں۔ ایسی شکایات پر عمل درآمد کرنے کے لیے بہت زیادہ وسائل اور وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ نئی ALPR گاڑی کے ساتھ، سٹی مزید تیز رفتاری کے ساتھ زیادہ فعال اور زیادہ ردعمل پذیر گشت کر سکتا ہے۔

**پرائیویسی کا کیا ہو گا؟**

سٹی پرائیویسی کے تحفظ کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ ALPR کیمروں کی جانب سے کھینچی گئی تصاویر، جن میں لائسنس پلیٹ نمبرز کی تصاویر شامل ہوتی ہیں، انتہائی زیر ضابطہ اور قابل محاسبہ ہوں گی۔ اگر تصاویر کو پینلٹی نوٹس جاری کرنے کے لیے نہ استعمال کیا جائے، تو انہیں نہیں رکھا جاتا (یہ تصاویر 48 گھنٹوں کے بعد خودکار طریقے سے حذف ہو جاتی ہیں)۔ جب تصاویر کو پینلٹی نوٹس جاری کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا، تو انہیں سٹی کے ریکارڈ پاس رکھنے کے ضمنی قانون کے تحت رکھا جائے گا (ان تصاویر کو معاملے کے حل کے بعد 6 سال کے لیے رکھا جاتا ہے)۔

جب پارکنگ کے جرمانے مقررہ تاریخ کے اندر ادا نہ کیے جائیں، تو سٹی لائسنس پلیٹوں کی تفصیلات حاصل کرنے کے لیے سروس اونٹاریو سے رابطہ کرے گا۔ سٹی کسی لائسنس پلیٹ نمبر سے متعلقہ غیر ادائیگی شدہ جرمانوں کے متعلق اونٹاریو کی منسٹری آف ٹرانسپورٹ کو بھی معلومات فراہم کرے گا۔

**لوگوں کے پاس پارکنگ کے لیے کیا انتخابات موجود ہیں؟**

- میونسپل گیراجوں اور ایسی جگہوں، جہاں پارکنگ میٹرز موجود ہیں، ڈیش بورڈ پر قابل قبول پارکنگ ٹکٹ ظاہر کرنا یقینی بنائیں اور پارکنگ ٹکٹ کے منسوخ ہونے سے پہلے اپنی کار کو وہاں سے نکال لیں۔

# BRAMPTON Flower City
brampton.ca

# media release

- رہائشی علاقوں میں، اگر آپ سڑک کے کنارے گاڑی کھڑی کرتے ہیں، تو پینلٹی نوٹس سے بچنے کے لیے گاڑی کو تین گھنٹوں کے اندر وہاں سے ہٹا لیں۔ متبادل طور پر، گاڑی کو تین گھنٹوں کے بعد کسی مختلف جگہ پر لے جائیں۔ کمیونٹی میں باقی لوگوں کو بھی سڑک پر پارکنگ کی ضرورت پڑ سکتی ہے، لہٰذا اپنے ہمسائیوں کا بھی خیال رکھیں۔
- اگر آپ یا آپ کے مہمانوں کو تین گھنٹوں سے زیادہ یا رات 2 سے صبح 6 بجے کے درمیان پارکنگ کی ضرورت ہو، تو آپ سٹی کو پارکنگ کی مفت اجازت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کی ہر لائسنس پلیٹ کے لیے سال میں زیادہ سے زیادہ 14 دن کے لیے پیشکش کی جاتی ہے۔ اگر آپ چھٹیوں کے لیے کسی کی مہمان نوازی کر رہے ہیں یا آپ کے پاس مہمان رات کے لیے ٹھہر رہے ہوں، تو پارکنگ کی اجازت کے لیے درخواست ضرور دیں۔
- اگر آپ کی نجی جگہ پر بولیووارد موجود ہے، تو آپ اپنی گاڑی کو سائیڈ واک اور سڑک کے درمیان پکی جگہ پر افقی سمت میں پارک کر سکتے ہیں۔

**کیا اس سے عدالتوں پر زیادہ دباؤ نہیں پڑے گا؟**
پارکنگ کے جرمانوں کے حوالے سے تنازعات کو صوبائی عدالتیں نہیں سنتیں، بلکہ یہ AMPS پروگرام کے ایک حصے کے طور پر سٹی کی جانب سے سنے جاتے ہیں۔

تمام کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات اور ALPR کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

**اقتباس**
غیر قانونی پارکنگ دوسروں کو جگہوں کی دستیابی میں دقت پیدا کرتی ہے اور اس صورت میں ایک حفاظتی خطرے کا سبب بھی بنتی ہے، جب ہنگامی خدمات کی گاڑیاں اور برف ہٹانے والی مشینری سڑک سے آسانی سے نہ گزر سکیں۔ یہ نئی ALPR گاڑی ایک اچھا چلنے والا شہر ہونے، غیر قانونی پارکنگ سے نمٹنے اور محفوظ تر سڑکوں کو ممکن بنانے کی ہماری ترجیح میں معاونت فراہم کرے گی۔ سٹی اس نئے اقدام کے مؤثر ہونے کے حوالے سے مزید سیکھنے اور مستقبل میں تبدیلیاں لانے کے لیے آپ کی قیمتی آراء کی قدر کرتا ہے۔"

- *میئر پیٹرک براؤن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca